In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful
بسم اللہ الرحمن الرحیم
Press Desk
Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)
شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت
Office Press & Media
Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988
Email: pressamjindia@gmail.com
Tel: +91-1872-500282
ahmadiyya_press ahmadiyyapressindia
( A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860 )

Ref/زیر حوالہ SPM-098
Date/تاریخ 07-06-2025

# حج، مسلمانوں کے عالمی بھائی چارہ اور وحدت اسلامی کی عملی مثال ہے

## احمدیہ مسلم جماعت بھارت ہندوستان کے تمام مسلمان بھائیوں کو عید مبارک کا تحفہ پیش کرتی ہے اور ہم وطن بھائیوں کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتی ہے

حج، ارکان اسلام کا پانچواں رکن ہے۔ ہر ذی استطاعت مسلمان کے لئے اپنی زندگی میں ایک مرتبہ حج بیت اللہ کی ادائیگی فرض ہے۔ یہ عید قربانی کی عید کے نام سے بھی جانی جاتی ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آپؑ کی زوجہ حضرت ہاجرہؓ اور بیٹے حضرت اسماعیلؑ کی قربانی کی یاد میں ہم قربانی کی عید مناتے ہیں اور مناسک حج ادا کرتے ہیں۔

قرآن مجید ہمیں بتاتا ہے کہ ظاہری قربانی کا گوشت اور اس کا خون خدا تعالیٰ تک نہیں پہنچتا بلکہ قربانی کرنے والے کی نیت اور مخلوق خدا کی ہمدردی کے لئے اس کے دلی جذبہ کا عملی اظہار خدا تعالیٰ تک پہنچتا ہے۔ یہ عید، مناسک حج اور جانوروں کی قربانیاں محض ظاہری قربانیاں نہیں ہیں بلکہ یہ ایک بہت بڑے مقصد کی طرف توجہ دلانے والے ہیں۔ اور وہ مقصد اللہ تعالیٰ کا حق ادا کرنا اور اس کی مخلوق کا حق ادا کرنا ہے اور یہی وہ حقوق ہیں جن کے قائم کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے ظاہری قربانی کا حکم دیا ہے۔ قربانی کی یہ روح حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ اپنے عروج کو پہنچی کہ آپؐ نے حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی میں اپنی جان، مال اور تمام استعدادیں قربان کر دیں۔

امام جماعت احمدیہ عالمگیر حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

’’اصل چیز تقویٰ اختیار کرنا ہے اور یہی چیز اللہ تعالیٰ تک پہنچتی ہے۔ قربانیوں کا گوشت اور خون اللہ تک نہیں پہنچتے۔ اصل چیز قربانی کی روح ہے۔‘‘

عیدالاضحیہ کے ان مبارک ایام میں مسلمان اپنے اس عہد کا اعادہ کرتے ہیں کہ جس طرح ہم نے ظاہری قربانی کی ہے ویسے ہی ہم حقوق اللہ کی ادائیگی اور مخلوق خدا کی ہمدردی کے لئے ہر قسم کی قربانی کے لئے تیار رہیں گے۔

عید کے اس موقعہ پر احمدیہ مسلم جماعت بھارت کا یہی پیغام ہے کہ ہم اپنی نفسانی خواہشات کو قربان کر کے بلاتفریق مذہب وملت دوسروں کے حقوق کی ادائیگی کو اپنا فرض سمجھ لیں۔تبھی عید منانے کا ہمارا حقیقی مقصد پورا ہوگا۔

قادیان دارالامان میں عیدالضحیہ کے مبارک موقعہ ہمسایوں نے بھی گلے لگا کر اپنے مسلم بھائیوں کو عید کی مبارکباد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس عید کو تمام امت مسلمہ کے لئے مبارک فرمائے اور ہمیں حقوق اللہ کے ساتھ ساتھ حقوق العباد کی ادائیگی کی بھی بھرپور توفیق عطا فرماتا چلا جائے۔آمین

---



انچارج شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت